اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ دو زرہیں پہنے ہوئے تھے آپ ﷺ ایک چٹان پر چڑھنے لگے، لیکن چڑھ نہ سکے تو آپ ﷺ نے اپنے نیچے طلحہ رضی اللہ عنہ کو بٹھا لیا اور اوپر چڑھنے لگے، یہاں تک کے چٹان پرسیدھے کھڑے ہوگئے زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کے میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: طلحہ نے اپنے لیے (جنت) واجب کرلی

زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ دو زرہیں پہنے ہوئے تھے آپ ﷺ ایک چٹان پر چڑھنے لگے، لیکن چڑھ نہ سکے تو آپ ﷺ نے اپنے نیچے طلحہ رضی اللہ عنہ کو بٹھا لیا اور اوپر چڑھنے لگے، یہاں تک کے چٹان پرسیدھے کھڑے ہوگئے زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کے میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: طلحہ نے اپنے لیے (جنت) واجب کرلی

[حَسَنٌ] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے - اسے امام احمد نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ نے غزوہ احد کے دن دشمنوں کے نیزوں اور تیروں سے بچنے کے لیے لوہے سے بنی دو قمیصیں پہن رکھی تھیں آپ ﷺ ایک چٹان کی طرف جانے کے لیے کھڑے ہوئے آپ ﷺ اس پر چڑھنا چاہتے تھے، لیکن نہیں پا رہے تھے اس پر طلحہ رضی اللہ عنہ آکر نبی ﷺ کے نیچے بیٹھ گئے نبی ﷺ ان پر سوار ہو کر چٹان پرچڑھ گئے اور آپ ﷺ نے فرمایا: "طلحہ نے واجب کر لی" یعنی طلحہ نے اپنے اس عمل کی وجہ سے یا غزوہ احد میں انھوں نے جو کچھ کیا، اس کی وجہ سے اپنے لیےجنت واجب کر لی اور اپنے عمل کی وجہ سے اس کے حق دار ہو گئے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/11191